کوڑے کے متعلق رہنمائی

سڑک کے کنارے ِبنز سے کوڑا اٹھانا

Hume کے رہنے والوں کے لیے تین ِبنز فراہم کیے گئے ہیں۔
یہ ری سائیکلنگ، FOGO (غذا اور باغیچے کے آرگینک مادّوں)
اور کوڑے کے بنز ہیں۔

اس کا مقصد آپ کے عام گھریلو کوڑے اور ری سائیکل کیے جانے
والے کوڑے کو بحفاظت اور بآسانی ٹھکانے لگانا ہے۔

بنز کس دن خالی کیے جاتے ہیں؟

بنز خالی کرنے کا دن معلوم کرنے کے لیے
hume.vic.gov.au/find-my-bin-day
دیکھیں یا **9205 2200** پر کال کریں۔

یاد رکھیں:

- ✅ کوڑا اٹھانے کے دن سے ایک رات پہلے بنز باہر رکھ دیں۔
- ❌ بنز کو گنجائش سے زیادہ نہ بھریں۔ اگر بن زیادہ بھاری ہو تو اسے خالی نہیں کیا جا سکتا۔

ہم نئے سال کے پہلے دن، اینزیک ڈے اور کرسمس کے دن بنز
خالی نہیں کرتے۔

اگر بنز خالی کرنے کا دن ان دنوں پر آ رہا ہو تو ہم ان کے اگلے
روز بنز خالی کریں گے۔

ری سائیکلنگ بن

درست طریقے سے ری سائیکلنگ کیسے یقینی بنائی جائے:

- ✔ پھینکی جانے والی چیزیں صاف ہوں
- ✖ بالکل کوئی خوراک نہ ہو
- ✖ کوئی تھیلے نہ ہوں - سب چیزیں تھیلے کے بغیر ہوں

کوئی تھیلے یا تھیلے میں بند چیزیں نہ ہوں

کاغذ اور گتا

کینز، ایروسول کینز اور المونیئم فوائل

سخت پلاسٹک کی بوتلیں اور کنٹینرز

شیشے کی بوتلیں اور جار

کوڑے کا بن

جہاں بھی ممکن ہو، کوشش کریں کہ کوڑا لینڈفل میں نہ جائے۔ وہاں جانے والا کوڑا وہیں پڑا رہتا ہے۔ کچھ اقسام کے کوڑے کو ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہونے میں ہزاروں سال لگ سکتے ہیں۔

یاد رکھیں:

- ✔ غذائی کوڑے کو آرگینکس بن یا کمپوسٹ میں ڈالیں
- ✔ ری سائیکل کیے جانے والے کنٹینرز ری سائیکلنگ بن میں جا سکتے ہیں
- ✔ پھینکی جانے والی الیکٹرک چیزیں کاؤنسل کے ڈراپ آف سائیٹ پر پہنچائیں
- ✔ کوشش کریں کہ جب مناسب اور بار بار استعمال ہونے والی چیزیں دستیاب ہوں تو ایک دفعہ استعمال ہونے والی چیزیں نہ خریدی جائیں

لینڈفل میں جانے والے مادّے

ٹوٹا ہوا شیشہ، برتن اور آئینے

نیپیز اور پالتو جانوروں کا فضلہ

عام کوڑا اور پلاسٹک کے تھیلے

وہ کپڑے اور کھلونے جو عطیے میں نہ دیے جا سکتے ہوں

FOGO بن

Hume سٹی کاؤنسل نے غذائی آرگینک کوڑا اور باغیچے کا آرگینک کوڑا (FOGO) اٹھانے کی نئی سروس شروع کی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اب تمام غذائی کوڑا آپ کے FOGO بن میں جا سکتا ہے۔

ہم آپ کو غذائی کوڑے کے لیے ایک مفت کچن کیڈی (ڈبا) بھی دیں گے۔

جولائی 2024 سے ہر گھر کو ایک FOGO بن ملے گا۔

پھل اور سبزیاں

سمندری غذائیں اور گوشت



ٹیک اوے اور بچا کھچا کھانا

باغیچہ:
پتے اور پودوں کے تراشے، خودرو فالتو پودے اور کٹی ہوئی گھاس، چھوٹی شاخیں اور ٹہنیاں

ٹپ پاس

گھروں کے مالکان اور کرایے دار ایسی چیزوں کو پھینکنے کے لیے سال میں دو ٹپ پاس لے سکتے ہیں جو بن میں پوری نہیں آ سکتیں۔

ٹپ پاس لینے کے لیے اپنے ریٹس نوٹس پر بنا کیو آرڈ کوڈ سکین کریں یا **9205 2200** پر کسٹمر سروس سے رابطہ کریں۔

ریسورس ریکوری سنٹرز

ہم اپنی ٹپس کو ریسورس ریکوری سنٹرز کہتے ہیں۔

الیکٹرک کوڑا، پینٹ اور کچھ کیمیکلز کے سمیت بہت سی چیزیں مفت پھینکی جا سکتی ہیں۔

ہماری ویب سائیٹ **hume.vic.gov.au/visit-the-tip** پر مزید معلومات حاصل کریں۔

مقامات:

Campbellfield
Bolinda Road Resource Recovery Centre

Sunbury
Riddell Road Waste and Recycling Transfer Station and Landfill

ہمارے سنٹرز ہفتے کے ساتوں دن* صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے ہوتے ہیں

*نئے سال کے پہلے دن، ایسٹر کے جمعے، اینزیک ڈے، کرسمس کے دن اور آگ جلانے کی مکمل پابندی کے دنوں میں یہ سنٹر بند رہتے ہیں۔

Hume Clean Day

آپ ہمارے Hume Clean Day پروگراموں کے دوران ٹپ پر یہ بڑا گھریلو سامان مفت چھوڑ سکتے ہیں۔

Hume Clean Day ہر موسم کے پہلے ہفتے کے روز ہوتا ہے (مارچ، جون، ستمبر اور دسمبر کا پہلا روزِ ہفتہ)۔

دوسرے فرنیچر یا کوڑے کے لیے عام فیسیں اور واجبات لاگو ہوں گے۔

- ✓ میٹرس
- ✓ صوفے
- ✓ ٹائر
- ✓ گھریلو مشینیں (بشمول فریج، واشنگ مشین اور ڈرائر)
- ✓ الیکٹرک کوڑا (بشمول ٹیلیویژن، پرنٹر، ڈی وی ڈی، سی ڈی، سپیکرز، ساؤنڈ کے آلات، ڈی وی ڈی پلیئر، وڈیو ریکارڈر، موبائل فون اور گھریلو استعمال کی مشینیں)

ہارڈ ویسٹ (بڑا یا بھاری کوڑا)

ہم سال میں دو دفعہ، کسی اضافی خرچ کے بغیر، آپ کے گھر سے ہارڈ ویسٹ اٹھائیں گے۔ ہر بار ہم 3 مربع میٹر کوڑا اٹھائیں گے یا آپ دو بار کوڑا اٹھوانے کی بجائے ایک ہی بار 6 مربع میٹر کوڑا اٹھوا سکتے ہیں۔

یہ ضروری ہے کہ پھینکا جانے والا سامان آپ کی پراپرٹی کی حدود کے اندر ترتیب سے رکھا ہو ورنہ شاید اسے نہ اٹھایا جائے۔

آپ کسی بھی وقت آن لائن hume.vic.gov پر ہارڈ ویسٹ اٹھوانے کی بکنگ کر سکتے ہیں۔ یا پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے کے درمیان 9205 2200 پر کال کریں اور آپشن 3 دبائیں۔



گندگی پھیلانا اور غلط جگہ کوڑا چھوڑ دینا

گندگی پھیلانے اور غلط جگہ کوڑا چھوڑ دینے سے ہماری سڑکیں گندی ہوتی ہیں اور ہمارے آبی وسائل اور پارک آلودہ ہو سکتے ہیں۔ Hume کو صاف رکھنے کے لیے ہم سب کردار ادا کر سکتے ہیں۔

غلط جگہ چھوڑے گئے کوڑے کی رپورٹ کریں

غلط جگہ کوڑا چھوڑنے والے لوگوں کو بھاری جرمانے ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی کو گندگی پھیلاتے یا غلط جگہ کوڑا چھوڑتے دیکھیں تو براہ مہربانی فوراً ہم سے رابطہ کریں یا آن لائن جا کر **hume.vic.gov.au/report-an-issue** پر اس کی رپورٹ کریں۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں، hume.vic.gov.au/waste دیکھیں یا 9205 2200 پر کال کریں۔

HUME CITY COUNCIL